- باب اول کا عنوان "ڈاکٹر یوسف القرضاوی: حیات و خدمات" ہے۔ جس میں تین فصول ہیں۔ پہلی فصل کا عنوان "حیات و آثار" ہے جبکہ دوسری فصل کا عنوان "ڈاکٹر قرضاوی کی تصنیفی خدمات" ہیں جبکہ تیسری فصل کا عنوان: ڈاکٹر یوسف القرضاوی کے متعلق علماء کی آراء: ہے۔
- باب دوم کا عنوان "کتاب فقہ الاقلیات المسلمہ کا تجزیاتی مطالعہ" ہے۔اس باب میں تین فصول ہیں۔ پہلی فصل کا عنوان "کتاب فقہ الاقلیات کا تعارفی جائزہ" ہے جبکہ دوسری فصل کا عنوان "کتاب فقہ الاقلیات: اسلوب و منہج" ہے۔ تیسری فصل کتاب فقہ الاقلیات کے محاسن و معائب
- باب سوم کا عنوان "مسائلِ فقہ الاقلیات میں معاصر فقہاء کی آراء کا تقابل" ہے۔ یہ باب چار فصول پر مشتمل ہے۔ پہلی فصل کا عنوان "عقائد و عبادات سے متعلق مسائل میں آراء" ہے جبکہ دوسری فصل کا عنوان "عائلی قوانین سے متعلق مسائل میں آراء" ہے، تیسری فصل کا عنوان "اشیائے خورد و نوش سے متعلق مسائل میں آراء" اور چوتھی فصل کا عنوان "سماجی تعلقات و معمولات سے متعلق آراء" ہے۔

مقالہ کے آخر میں خلاصہ بحث، نتائج، سفارشات، تجاویز و آراء اور مصادر و مراجع ذکر کئے جائیں گے۔